SBB

28-03-2024

08.30 Hrs

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(**Music**)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

**1** **لوک سبھا** انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

2 آرمی کمانڈرس کانفرنس دو ہزار چوبیس Hybrid Mode میں آج نئی دلّی میں شروع ہورہی ہے۔

3 دلّی ہائی کورٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو فوری طور پر عبوری راحت دینے سے انکار کردیا ہے۔

4 یوکرین کے وزیرِ خارجہ Dmytro Kuleba آج بھارت کے دو دن کے دورے پر آرہے ہیں۔

5 بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebden کی جوڑی آج Miami اوپن ٹینس میں ڈبلز کے سیمی فائنل میں کھیلے گی۔

6 اور IPL کرکٹ میں:سن رائزرس حیدرآباد نے ممبئی انڈینس کو 31 رن سے ہرادیا۔

(**Music**)

اب خبریں تفصیل سے۔

**2nd Phase Notification**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اِس مرحلے میں 26 اپریل کو 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں لوک سبھا کی 88 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ اِسی مرحلے میں Outer منی پور لوک سبھا حلقے کے بقیہ علاقوں میں بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔

دوسرے مرحلے میں کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک میں 14، راجستھان میں 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں 8 - 8، مدھیہ پردیش میں 7، آسام اور بہار میں 5 - 5، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں 3 - 3 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ اِس کے علاوہ منی پور، تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک-ایک چناؤ حلقے میں بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کاغذات نامزدگی 4 اپریل تک داخل کئے جاسکیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال جموں و کشمیر کو چھوڑ کر اِن سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں 5 اپریل کو کی جائے گی، جبکہ جموں و کشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال 6 اپریل کو ہوگی۔×

## Rev. BJP Cong. Ls Lists

ملک بھر کے مختلف سرکردہ امیدواروں نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کُل نامزدگی پرچے داخل کرنے کے آخری دن اپنے نامزدگی پرچے داخل کیے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے مہاراشٹر میں ناگپور لوک سبھا حلقے سے اپنے نامزدگی پرچے داخل کیے۔ تریپورہ میں، تریپورہ West لوک سبھا حلقے سے BJP امیدوار Biplab Kumar Deb اور کانگریس کے اُن کے قریب ترین حریف آشیش ساہا نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کی۔

کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کے لیے 14 امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے Dolly شرما کو غازی آباد لوک سبھا سیٹ سے چناؤ میدان میں اتارا ہے جبکہ نگّل دوبے اترپردیش میں سیتا پور سیٹ سے انتخاب لڑیں گے۔ پارٹی لیڈر کالی چرن مُنڈا جھارکھنڈ میں کُھنٹی لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

پرتاپ بھانو شرما کو وِدیشا سے جبکہ Rao Yadvendra سنگھ کو مدھیہ پردیش میں Guna پارلیمانی حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔

## MP Nomination

مدھیہ پردیش میں ووٹنگ کے پہلے مرحلے کیلئے 150 سے زیادہ کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے گئے ہیں۔ اِدھر آج دوسرے مرحلے میں لوک سبھا کی 7 سیٹوں کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 113 امیدواروں نے مجموعی طور پر 153 نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو ریاست کی 6 سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔ اِن میں سِدّھی، شہڈول، جبل پور، مانڈلہ، بالاگھاٹ اور چھندواڑہ شامل ہیں۔ کُل کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن 64 امیدواروں نے 89 پرچے بھرے۔ سب سے زیادہ 33 نامزدگیاں جبل پور میں اور سب سے کم 14 شہڈول میں داخل کی گئیں۔

اِدھر مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہونے کے بعد سے انتخابی کمیشن کی ٹیموں نے اب تک تقریباً 32 کروڑ روپے مالیت کا سامان ضبط کیا ہے۔ اِس میں ایک کروڑ 58 لاکھ روپے سے زیادہ نقد رقم بھی شامل ہے۔

## Rajasthan Notification

انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت راجستھان کے 13 لوک سبھا حلقوں کے لیے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ Tonk،سوائے مادھے پور، اجمیر، پالی، جودھپور، باڑمیڑ، جالور، اُدے پور، بانسواڑہ، چتوڑ گڑھ، راج سمند، بھیل واڑہ، کوٹا، اور

Baran Jhalawar سیٹوں پر نامزدگی پرچے داخل کا عمل آج شروع ہوجائے گا۔

Bagidora اسمبلی حلقے کےضمنی انتخابات کے لیے بھی نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے جہاں دوسرے مرحلے کے ساتھ ضمنی چناؤ منعقد ہوگا۔

اس دوران پہلے مرحلے کے انتخابات کے لیےکُل ریاست کی 12 لوک سبھا سیٹوں کے لیے نامزدگی کا عمل مکمل ہوگیا۔تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Jitendra Dwividi

بارہ لوک سبھا حلقے میں پہلے مرحلے کے انتخابات کے لیے، کُل 131 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ سب سے زیادہ 17 امیدواروں نے جے پور دیہات لوک سبھا سیٹ سے جبکہ چار امیدواروں نے کرولی دھولپور لوک سبھا سیٹ سے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ سولہ امیدواروں نے Churu ، Sikar اور جے پور لوک سبھا سیٹ سے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج ہوگی۔ اس دوران نامزدگی کے ساتھ ہی انتخابی مہم شروع ہوگئی ہے اور امیدواروں نے مہم کے لیے اپنے دفاتر قائم کیے ہیں۔

## LOK Sabha Nominations

للوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور 2 شمال مشرقی ریاستوں سکم اور اروناچل پردیش میں واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوگیا۔ پہلے مرحلے میں 1 7 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام 4 علاقوں میں لوک سبھا کی 102 سیٹوں کیلئے اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِسی دن سکم کے 32 اسمبلی حلقوں اور اروناچل پردیش کی 60 رکنی اسمبلی کیلئے بھی پولنگ ہوگی۔

جن ریاستوں میں چناؤ واحد مرحلے میں ہورہے ہیں، اُن میں تمل ناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈمان ونکوبار جزائر اور پدوچیری شامل ہیں۔

کاغذات کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی، جبکہ ہفتے کے روز تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔
اُدھر بہار میں پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے آج کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آخری دن ہے۔
ہم نے اِس بارے میں ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر ایچ آر سری نواس سے بات کی

**Punjab Elections Profile for**

پنجاب اور ملک کے دیگر حصوں میں بھی لوک سبھا انتخابات کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ ریاست میں پہلی جون کو ساتویں اور آخری مرحلے کی ووٹنگ کے لیے نوٹیفکیشن پانچ مئی کوجاری کیا جائے گا۔ لہذا زیادہ تر سیاسی پارٹیاں امیدواروں کے ناموں پر اب بھی غور کر رہی ہیں۔2019 کے عام انتخابات میں 65 اعشاریہ نو چار فیصد ووٹنگ درج کی گئی تھی۔

چیف انتخابی افسر کا دفتر لوگوں کو اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرنے کے سلسلے میں بیداری پیدا کرنے کی خاطر ایک خصوصی مہم چلا رہا ہے تاکہ 70 فیصد سے زیادہ ووٹنگ کے نشانے یعنی "Is baar-70 Paar" کو حاصل کیا جا سکے۔

پیش ہے جالندھر کے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C Shishu Sharma

درج فہرست ذاتوں کے لیے محفوظ چار حلقوں سمیت لوک سبھا کے 13حلقے پنجاب کے دو آبہ، ماجھا اور مالوا علاقے میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ووٹروں کی مجموعی تعداد دو کروڑ 12 لاکھ 71 ہزار 246 ہے۔ چار لاکھ 89 ہزار 631 نوجوان ووٹر پہلی بار اپنے حق رائے کا استعمال کریں گے۔

حکمراں عام آدمی پارٹی نے ابھی تک آٹھ حلقوں کے لیے اپنے امیدواروں کا اعلان کیا ہے اور ان میں سے پانچ ریاستی کابینہ کے وزراء ہیں۔ BJP، کانگریس اور شرومنی اکالی دل سمیت تمام اہم پارٹیاں اب بھی امیدواروں کے ناموں پر غور کر رہی ہیں۔

2019 کے عام انتخابات میں کانگریس کی قیادت والے UPA نے آٹھ جبکہ NDA نے چار حلقوں میں کامیابی حاصل کی تھی اور عام آدمی پارٹی کے کھاتے میں ایک سیٹ آئی تھی۔ اس بار تمام اہم پارٹیاں اتحاد قائم کرنے میں ناکام رہی ہیں اور انتخابات میں کثیر رخی مقابلہ دیکھنے کو ملے گا۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

## Army Commandar Conference

لآرمی کمانڈرس کانفرنس 2024 آج سے نئی دلّی میں Hybrid mode میں شروع ہورہی ہے۔ اِس میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اگلے مہینے کی 2 تاریخ کو خطاب کریں گے اور اعلیٰ فوجی رہنماؤں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔
کانفرنس کے پہلے دِن فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے اپنے کمان ہیڈکوارٹرز سے ورچوئل وسیلے سے شرکت کرنے والے فوجی کمانڈروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔
کانفرنس کے آخری دِن دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ہری کمار اور فضائیہ کے سربراہ ایئرچیف مارشل وی آر چودھری کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اِس میں محکمۂ دفاع کے سکریٹری گریدھر اَرمنے اور دفاع کی وزارت کے کئی دیگر اہلکار بھی شرکت کریں گے۔x

## Kejriwal Custody

لدلّی ہائی کورٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو فوری طور پر عبوری راحت دینے سے انکار کردیا ہے۔ ہائی کورٹ نے جناب کجریوال کی ایک درخواست پر ED کو نوٹس جاری کیا ہے۔
جناب کجریوال نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے کے کیس سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں ED کے ہاتھوں اپنی گرفتاری اور 6 دن کی تحویل کو چیلنج کیا ہے۔ وہ اِس کیس کے سلسلے میں انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی تحویل میں ہیں۔
جسٹس سورَن کانتا شرما کی ایک بنچ نے جناب کجریوال کی درخواست پر 2 اپریل تک جواب دینے کیلئے ED کو نوٹس جاری کیا ہے۔ کیس کی اگلی سماعت 3 اپریل کو ہوگی۔
اِس سے پہلے جناب کجریوال نے دلّی ہائی کورٹ سے یہ پُر زور اپیل کی تھی کہ ED کی تحویل سے اُن کی فوری رہائی کا حکم دیا جائے۔ انھوں نے اپنی گرفتاری اور ریمانڈ کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔x

## Delhi LG Kejriwal

دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وِنئے کمار سکسینہ نے قومی راجدھانی کے لوگوں کو یقین دلایا ہے کہ دلّی سرکار جیل سے نہیں چلائی جائے گی۔ اُن کی یہ رائے زنی عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں کے اِس بیان کے پس منظر میں سامنے آئی ہے کہ اروند کجریوال وزیر اعلیٰ کے طور پر کام کرتے رہیں گے، خواہ وہ سلاخوں کے پیچھے کیوں نہ ہوں۔
دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ ٹی وی چینل سمٹ کے دوران ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے دلّی ایکسائز پالیسی سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں جناب کجریوال کو اِس مہینے کی 21 تاریخ کو گرفتار کیا تھا۔x

## MEA US

بھارت نے، دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری پر امریکی محکمۂ خارجہ کے ترجمان کی رائے زنی پر سخت احتجاج کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارتِ خارجہ نے کہا کہ بھارت ملک میں بعض قانونی کارروائیوں کے بارے میں امریکی محکمۂ خارجہ کے ترجمان کے تبصرے پر سخت احتجاج کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دیگر ملکوں سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ ڈپلومیسی میں دوسروں کے اندرونی معاملات اور اقتدار اعلیٰ کا اہتمام کریں گے۔

بھارت نے کجریوال کی گرفتاری پر امریکہ کی رائے زنی کے تناظر میں کل امریکی سفارتخانے کے قائم مقام ڈپٹی چیف آف مشن کو طلب کیا تھا۔×

## Yukraine FM Visit

یوکرین کے وزیر خارجہ Dmytro Kuleba وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی دعوت پر بھارت کے دو روزہ سرکاری دورے کے تحت آج نئی دلی پہنچے گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب Kuleba خارجی امور کے وزیر اور قومی سلامتی کے نائب مشیر کے ساتھ سرکاری میٹنگوں سمیت مختلف پروگراموں میں شامل ہوں گے۔ خارجی امور کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں وزراء آپسی مفاد کے علاقائی اور عالمی امور کے تعلق سے باہمی شراکت داری اور تعاون کے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

توقع ہے کہ یوکرین کے وزیر خارجہ کاروباری برادری کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔x

## AFSPA MHA

مرکز نے ناگالینڈ کے 8 ضلعوں میں مسلح افواج کے خصوصی اختیارات سے متعلق ایکٹ AFSPA کو اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے توسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس کے علاوہ ریاست کے پانچ دیگر ضلعوں میں 21 تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں بھی اِس میں توسیع کی گئی ہے۔

ناگالینڈ کے بعض ضلعوں اور پولیس تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں گزشتہ کئی سال سے AFSPA نافذ ہے اور اِس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہے۔×

## Miami Open Tennis Semi Fianl

بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebden کی جوڑی آج Miami اوپن ٹینس میں ڈبلز کے سیمی فائنل میں کھیلے گی۔ اُن کا مقابلہ اسپین کے Marcel Granollers اور ارجنٹینا کے Horacio Zeballos کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 10 بجے شروع ہوگا۔×

## IPL Resultls

IPLل کرکٹ میں کل رات حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے بڑے اسکور کے ایک میچ میں ممبئی انڈینس کو 31 رن سے شکست دی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں تین وکٹ کے نقصان پر 277 رن کا ایک بڑا اسکور بناکر تاریخ رقم کی۔ حیدرآباد کے لیے Heinrich Klaasen نے محض 34 گیندوں میں 80 رن بنائے۔278 رن کا جیت کا بڑا نشانہ حاصل کرتے ہوئے ممبئی انڈینس 20 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 246 رن پر ہی سمٹ گئی۔ Klaasen کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا۔

آج جے پور کے سوائے مانسنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس کا مقابلہ Delhi Capitals سے ہوگا۔

## Madrid open Badminton

میڈرڈ اوپن بیڈمنٹن میں کل بھارت کی مایہ ناز کھلاڑی پی وی سندھو خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ انھوں نے پہلے راؤنڈ میں کنیڈا کی WEN YU ZHANG کو ایک سولہ، اکیس بارہ سے ہرایا۔ آج ان کا مقابلہ تائیوان کی Huang Yu Hsun سے ہوگا۔ مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے Krishna Prasad Garaga اور Sai Pratheek پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ انھوں نے کنیڈا کی جوڑی کو اکیس پندرہ، اٹھائیس تیس، ایک ایک سے ہرایا جبکہ M.R.Arjun اور Dhruv Kapila پر مشتمل ایک اور بھارتی جوڑی میکسیکو کی جوڑی کو ایک اٹھارہ، اکیس سترہ سے ہراکر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی۔

خواتین کے ڈبلز میں آج Tanisha Castro اور اشونی پونپا کا مقابلہ پری کوارٹر فائنل میں آسٹریلیائی جوڑی سے ہوگا۔مکسڈ ڈبلز میں N.Sikii Reddy اور B.Sumeet Reddy پر مشتمل ایک اور بھارتی جوڑی بھی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔x

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ لکھتا ہے : ہائی کورٹ سے نہیں ملی راحت، کیجریوال 2 اپریل تک رہیں گےED کی حراست میں۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے بھی اس خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔چھتیس گڑھ کے بستر میں ہوئے تصادم میں چھ نکسلیوں

کی ہلاکت کی خبر بھی اخبار انقلاب سمیت کئی اخباروں میں ہے۔ اخبار ملاپ کی شہ سرخی ہے : اسرو کی بڑی کامیابی، PSLV نے صفر ملبہ مشن مکمل کیا۔ اخبار پرتاپ کی ایک سرخی ہے لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کی نامزدگی کا عمل آج سے شروع ہوگا۔ پانچ ملکوں کے سفیروں نے صدر جمہوریہ کو اپنی اسناد پیش کیں، یہ خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں میں ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ غزہ میں دو جوہری بموں کے برابر بارود کا استعمال، اقوام متحدہ کا انکشاف

_ ماسکو میں دہشت گردانہ حملے کے پیچھے امریکہ، برطانیہ اور یوکرین ہیں: روس کا الزام

_ پاکستان۔ایران گیس پائپ لائن منصوبے کی حمایت نہیں کرتے: امریکہ کا بیان۔

_ تاریخ میں پہلی بار سعودی حسینہ ''مس یونیورس'' مقابلے میں حصہ لیں گی۔

☆☆☆

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

2 آرمی کمانڈرس کانفرنس دو ہزار چوبیس Hybrid Mode میں آج نئی دلّی میں شروع ہورہی ہے۔

3 دلّی ہائی کورٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو فوری طور پر عبوری راحت دینے سے انکار کردیا ہے۔

4 یوکرین کے وزیر خارجہ Dmytro Kuleba آج بھارت کے دو دن کے دورے پر آرہے ہیں۔

5 بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebden کی جوڑی آج Miami اوپن ٹینس میں ڈبلز کے سیمی فائنل میں کھیلے گی۔

6 اور IPL کرکٹ میں:

سن رائزرس حیدرآباد نے ممبئی انڈینس کو 31 رن سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔